## گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیوایم کی کامیابی نے پورے پاکستان کیلئے ایک ایسا چراغ روشن کردیا ہے کہ اب ملک میں حق پرستی کے انقلاب کو آنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔الطاف حسین

## ملک بھر کے نوجوان بیدار ہورہے ہیں،قومی دولت لوٹنے والے اوراربوں کھربوں کے قرضےلیکر معاف کرنے والے اپنابوریا بستر تیار کرلیں

## ایم کیوایم گلگت بلتستان کوسینیٹ اورقومی اسمبلی کے ایوان میں نمائندگی دلائے گی،

## گلگت اوراسکردو میں انتخابی دفاتر پرجمع ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنوں سے ٹیلیفونک خطاب

لندن۔۔۔13نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیوایم کی کامیابی نے پورے پاکستان کیلئے ایک ایسا چراغ روشن کردیا ہے کہ اب ملک میں حق پرستی کے انقلاب کو آنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔گلگت بلتستان سمیت اب پورے ملک کے نوجوان بیدار ہورہے ہیں اوراب ملک کی دولت لوٹنے والے اوراربوں کھربوں کے قرضےلیکر معاف کرنے والے اپنابوریا بستر تیار کرلیں کیونکہ نوجوانوں کا یہ سیلاب استحصالی طبقہ کے بڑے بڑے محلوں کوخس وخاشاک کی طرح بہا کرلے جائے گا۔ جناب الطاف حسین نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کی سہ پہر گلگت اوراسکردو میں انتخابی دفاتر پرجمع ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنوں سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے نومنتخب رکن راجہ اعظم خان، دیگرامیدواران، ایم کیوایم کے مختلف شعبوں کے ذمہ داران، اراکین رابطہ کمیٹی اوراراکان قومی وصوبائی اسمبلی بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے تمام عوام ماؤں، بہنوں، بزرگوں،نوجوانوں اور پرعزم جیالے بہادرکارکنوں کوزبردست مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ انشاءاللہ حق پرستوں کی ایک نشست تمام نشستوں پر بھاری ثابت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اگرسرکاری وانتظامی سطح پر بے ایمانی اوردھاندلی نہ کی جاتی تو پورے گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کے امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب ہوتے لیکن ہم ان ہتھکنڈوں کے آگے نہ کل جھکے تھے نہ آج جھکے ہیں،ہم نہ کل مایوس ہوئے تھے نہ آج مایوس ہوں گے۔حق پرستی کا پیغام سندھ سے نکل کراب ملک کے کونے کونے میں اسے طرح پہنچے گا کہ بڑے بڑے جاگیرداروں،وڈیروں،سرداروں اورسرمایہ داروں کوکہیں جائے پناہ نہیں ملے گی۔ جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے عوام خصوصاً نوجوانوں کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے انتخابات میں ایم کیوایم کوکامیاب کرکے پورے پاکستان کیلئے حق پرستی کا ایک ایسا چراغ روشن کردیا ہے کہ اب ملک میں حق پرستی کے انقلاب کو آنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔اب کراچی سے کشمور،کشمور سے کشمیراورکشمیر سے گلگت بلتستان تک پورے ملک کے نوجوان تیزی سے بیدار ہورہے ہیں لہٰذااب ملک کی دولت لوٹنے والے اوراربوں کھربوں کے قرضےلیکر معاف کرنے والے اپنابوریا بستر تیار کرلیں ورنہ نوجوانوں کا یہ سیلاب استحصالی طبقہ کے بڑے بڑے محلوں کوخس وخاشاک کی طرح بہا کرلے جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ 62برسوں سے عوام کو بیوقوف بنانے والے سن لیں کہ گلگت بلتستان کے عوام نے جدوجہد کرکے ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی تھی اوراب وہ لٹیروں سے پاکستان کے عوام کوبھی آزادی دلائیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ کامیابی صرف گلگت بلتستان کے محروم ومظلوم عوام کی کامیابی نہیں بلکہ ملک بھر کے مظلوم عوام کی کامیابی ہے اور پاکستان کی خوشحالی کی ضامن ثابت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ جس طرح گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کے امیدواروں نے سب سے زیادہ ووٹ لئے اسی طرح گلگت بلتستان میں بھی ایم کیوایم کے کامیاب امیدوار نے تمام جماعتوں سے زیادہ ووٹ حاصل کئے،اب یہ قافلہ رکنے والانہیں ہے۔ جناب الطاف حسین نے کارکنوں کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام ماؤں، بہنوں، بزرگوں خصوصاً پیارے پیارے بہادر جیالے تحریکی ساتھیوں نے تمام ترنامساعد حالات، پیسوں کی قلت،دشواریوں اورسخت سردی کے باوجود جس طرح الیکشن کا کام کیااس پر میں آپ کونہ صرف زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں بلکہ کھڑے ہوکرآپ کوسیلوٹ پیش کرتا ہوں۔حالات کے جبر کی وجہ سے میں آپ سے دور ہوں لیکن ایک دن آئے گا جب میں گلگت بلتستان آؤں گا اورایک ایک گلی جاکراپنے پیارے ساتھیوں کو سینے سے لگاکرمبارکباد پیش کروں گا۔ جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے عوام کویقین دلایا کہ ایم کیوایم آپ کوسینیٹ اورقومی اسمبلی کے ایوان میں نمائندگی دلائے گی اورآپ کے تمام آئینی وقانونی حقوق دلوانے کیلئے آخری دم تک جدوجہد کرے گی۔انہوں نے انتخابی سرگرمیوں میں حصہ لینے والے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،صوبائی تنظیمی کمیٹی،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،الیکشن سیل،علماء کمیٹی،میڈیکل ایڈ کمیٹی اوردیگرشعبہ جات کے ذمہ داروں اورکارکنوں کوزبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

## پشاور خیبر روڈ اور ایف آر بنوں کے پکا خیل تھانے کے دھماکوں پر جناب الطاف حسین کا سخت غم و غصے کا اظہار

## درندہ صفت دہشتگرد پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں

لندن۔۔۔13 رنومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جمعے کی صبح پشاور صدر خیبر روڈ پر ایک حساس ادارے کی عمارت اور شمالی وزیرستان میں ایف آر بنوں کے پکا خیل تھانہ پر دہشتگردوں کی جانب سے کیے جانے والے دھماکوں اور اس کے نتیجے میں سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں سمیت کئی افراد کی شہادت پر سخت افسوس اور غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ درندہ صفت دہشت گرد پاکستان کو عدا استحکام سے دوچار کرنے کیلئے کھلی جنگ پر اتر آئے ہیں اور وہ اب مسلح افواج، سیکورٹی فورسز ان کے دیگر مراکز اور دفاعی تنصیبات وغیرہ پر خودکش حملوں اور دھماکوں کے ذریعے معصوم اور بے گناہ عوام کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ایسی صورت میں ملک بھر کے عوام کو اپنے بے مثال اتحاد کا مظاہرہ کرکے عملی طور پر ملک کو بچانے کیلئے میدان عمل میں آنا ہوگا اور مسلح افواج اور سیکورٹی فورسز کا ساتھ دینا ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور حکومت سرحد سے مطالبہ کیا ہے کہ ان درندہ صفت دہشتگردوں کا فوری طور پر خاتمہ کیا جائے دہشتگردی کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے مزید موثر اور ٹھوس اقدامات عمل میں لائے جائیں۔ انہوں نے اس دھماکوں میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار اور دعائے مغفرت کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم گلگت بلتستان کے حلقہ GBLA - 3 کی نشست پر جیت چکی ہے لیکن ایک روز گزر جانے کے باوجود اس حلقہ کے نتائج کا اعلان نہیں کیا جارہا ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ

## گلگت بلتستان کے حلقہ GBLA - 3 کے انتخابی نتائج کو تبدیل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ رابطہ کمیٹی

## کھلی دھاندلی اور انتخابی نتائج کو تبدیل کرنے کی کوششوں کو فی الفور رکوایا جائے،

## صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور چیف الیکشن کمشنر سے ایم کیوایم کا مطالبہ

کراچی۔۔۔ 13 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان کے حلقہ GBLA - 3 کے انتخابی نتائج کو روکے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ GBLA - 3 میں ایم کیوایم کے امیدوار کیپٹن ہادی حسین ہیں، دیگر حلقوں کی طرح اس حلقہ میں بھی زبردست دھاندلی کی گئی اور ایم کیوایم کے ہمدردوں کی بڑی تعداد کو ووٹ ڈالنے تک سے روکا گیا لیکن عوام نے تمام تر رکاوٹوں اور غیر جمہوری ہتھکنڈوں کے باوجود ایم کیوایم کو بھرپور مینڈیٹ دیا، سب اچھی طرح جانتے ہیں کہ ایم کیوایم اس نشست پر جیت چکی ہے لیکن پولنگ ہوئے ایک روز گزر چکا ہے اسکے باوجود تا حال اس حلقہ کے نتائج کا اعلان نہیں کیا گیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ گلگت بلتستان کے حلقہ GBLA - 3 کے انتخابی نتائج کو تبدیل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور چیف الیکشن کمشنر سے مطالبہ کیا کہ گلگت بلتستان کے حلقہ GBLA - 3 کے انتخابی نتائج کو تبدیل کرنے کی کوششوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس کھلی دھاندلی کو رکوایا جائے۔

## گلگت بلتستان کی انتخابی مہم کی اچھی رپورٹنگ کرنے اور حق اور سچ لکھنے والے تمام صحافیوں، کالم نگاروں، فوٹو گرافروں اور کیمرہ مینوں سمیت پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے ایک ایک فرد کو الطاف حسین کا خلوص دل کے ساتھ زبردست سلام تحسین

لندن۔۔۔13 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کی انتخابی مہم کی اچھی رپورٹنگ کرنے اور حق اور سچ لکھنے پر گلگت بلتستان کے تمام صحافیوں، کالم نگاروں ،فوٹو گرافروں اور کیمرہ مینوں سمیت پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے ایک ایک فرد کو خلوص دل کے ساتھ زبردست سلام تحسین پیش کیا ہے۔ وہ جمعہ کی سہ پہر گلگت اور اسکردو میں انتخابی دفاتر پر جمع ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنوں سے ٹیلیفونک خطاب کررہے تھے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں ملک بھر کے تمام الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے تمام اینکرز مین، صحافیوں اور کالم نگاروں کو بھی حق اور سچ بیان کرنے اور لکھنے پر دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

## سیاسی وابستگی سے بالاتر ہوکرعوام کی بلاامتیاز خدمت کریں،گلگت بلتستان کے انتخابات میں حلقہ GBLA-12 اسکردو سے کامیاب ہونے والے ایم کیوایم کے امیدوار راجہ اعظم خان کو الطاف حسین کی تلقین

لندن۔۔۔13 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں حلقہ GBLA-12 اسکردو سے کامیاب ہونے والے ایم کیوایم کے امیدوار راجہ اعظم خان کو مبارکباد پیش کی ہے۔آج اسکردو میں گفتگو کے دوران انہوں نے راجہ اعظم خان کو تلقین کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ عوام کے مسائل کے حل کیلئے بھرپور کوششیں کریں،سیاسی وابستگی سے بالاتر ہوکرعوام کی بلاامتیاز خدمت کریں اورتحریک کے پیغام کو پھیلائیں۔راجہ اعظم خان نے جناب الطاف حسین کو یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ تحریک کو مایوس نہیں کریں گے اورتحریک کے اعتماد پر پورا اترنے کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

## مسلم لیگ ق گلگت کے سیکریٹری اطلاعات اقبال حسین کا متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان

اسکردو۔۔13 نومبر 2009ء

پاکستان مسلم لیگ ق گلگت کے سیکریٹری اطلاعات اقبال حسین نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔اس بات کا اعلان انہوں نے جمعہ کی سہ پہر گلگت میں ایم کیوایم کے انتخابی دفتر پر کارکنوں سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلیفونک خطاب کے موقع پر کیا۔اقبال حسین نے کہا کہ میں ایم کیوایم کے فکروفلسفہ اورآپ کی قیادت سے بہت متاثر ہوں اورآج میں ایم کیوایم میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے اقبال حسین کو ان کی شمولیت پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں اوررابطہ کمیٹی کے تمام ارکان اورایک ایک کارکن آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔

## گلگت بلتستان انتخابات میں کامیابی ایم کیوایم پرعوام کے بھرپوراعتماد کا ثبوت ہے،رابطہ کمیٹی
## حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ ڈالنے اورکامیاب کرانے پر گلگت بلتستان کے عوام سے اظہارتشکر
## گلگت بلتستان کے عوام نے ایم کیوایم پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے ایم کیوایم بھی اس پر پورا اترے گی

کراچی۔۔۔13،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات میں ایم کیوایم کی کامیابی کو حق پرستانہ فکروفلسفہ اورنظریئے کی سچائی قرار دیا ہے اورگلگت بلتستان کے عوام سے حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت میں ووٹ ڈالنے اورکامیاب کرانے پر دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی گلگت بلتستان انتخابات میں کامیابی ملک بھر کے 98فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی فتح ہے اوراب گلگت بلتستان میں حق پرستی کا فکروفلسفہ اورنظریہ فروغ پاچکا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم نے گلگت بلتستان انتخابات میں پہلی مرتبہ حصہ لیا اوراس سلسلے میں بھرپور منظّم انداز میں انتخابی مہم چلائی،گھر گھر جاکرعوام اورمختلف مکاتب فکر کے لوگوں سے رابطے کئے اورانہیں حق پرستانہ فکروفلسفہ اورنظریئے سے آگاہ کیا جس سے گلگت بلتستان کے عمائدین،معززین اورعوام متاثر ہوئے اورانہوں نے نہ صرف ایم کیوایم میں بڑی تعداد میں شمولیت کا اعلان کیا بلکہ حق پرست امیدواروں کی حمایت کے علاوہ انہیں کامیاب کرانے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گلگت بلتستان انتخابات میں دھاندلی کے باوجود ایم کیوایم کی کامیابی گلگت بلتستان کے عوام کی جانب سے ایم کیوایم پر بھرپور اعتماد کا ثبوت ہے اورانشاءاللہ ایم کیوایم ایک دن ضرور گلگت بلتستان کی سب سے بڑی جماعت ہوگی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ فکروفلسفہ اورنظریئے کو گلگت بلتستان کے عوام نے سچے دل سے قبول کیا ہے اوراپنے لئے مثبت اصلاحات کیلئے ایم کیوایم پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے ایم کیوایم بھی اس اعتماد پر پورا اترے گی اورگلگت بلتستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھرپور کردار ادا کرے گی۔رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان انتخابات میں ایم کیوایم کی کامیابی پر قائدتحریک جناب الطاف حسین،ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان اورحق پرست عوام کو دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

## گلگت بلتستان انتخابات میں صحافیوں پر تشدد انتخابات کی شفافیت پر کاری ضرب ہے، رابطہ کمیٹی
## صحافیوں پر تشدد کرنیوالے عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے

کراچی ۔۔۔13 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کی کوریج کرنے والے صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو گلگت بلتستان انتخابات کی شفافیت پر کاری ضرب قرار دیا ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ میڈیا کے نمائندگان کو گلگت بلتستان انتخابات کی حقائق پر مبنی کوریج سے روکنے کیلئے انہیں تشدد کا نشانہ بنانا آزادی صحافت پر حملے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر گلگت بلتستان قمر الزماں کائرہ سے مطالبہ کیا کہ صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے اور صحافیوں کے ساتھ پیش آنے والی شکایتوں کا فی الفور ازالہ کیا جائے ۔

## رکن قومی اسمبلی آصف حسنین اور نامزد حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین نے جلال آباد میں پیپلز پارٹی کے حامیوں کے تشدد سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے پولنگ ایجنٹ کی عیادت کی

گلگت ۔۔۔13 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی آصف حسنین اور GBLA-3 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین نے دینور کے الحیات اسپتال میں جا کر جلال آباد کے پولنگ بوتھ پر پیپلز پارٹی کے حامیوں کے تشدد سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے پولنگ ایجنٹ محمد عباس کی عیادت کی اور ان سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں ۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی رکن ابوالاظہر چانداور ایم کیوایم گلگت بلتستان کے انچارج ہدایت علی بھی موجود تھے ۔آصف حسنین اور کیپٹن (ر) ہادی حسین نے اسپتال کے عملے کو ہدایت کی کہ وہ محمد عباس کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر نہ چھوڑیں ۔اس موقع پر انہوں نے محمد عباس کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔

## مسلم لیگ ن کے ترجمان صدیق الفاروق کا بیان مضحکہ خیز ہے، ایم کیوایم پر بھونڈی الزام تراشی کر کے دنیا کو جگ ہنسائی کا موقع فراہم کر رہے ہیں، انچارج گلگت بلتستان ہدایت علی
## گلگت بلتستان انتخابات میں عوامی پذیرائی نے نام نہاد سیاسی جماعتوں کو بوکھلاہٹ میں مبتلا کر دیا

گلگت ۔۔۔13 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ گلگت بلتستان کے انچارج ہدایت علی نے مسلم لیگ ن کے ترجمان صدیق الفاروق کی جانب سے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں دیئے گئے اس بیان کو کہ ایم کیوایم نے گلگت بلتستان انتخابات کیلئے امیدوار خریدے ہیں اور انتخابات میں ایم کیوایم کو نہیں بلکہ حق پرست امیدواران کو عوام نے ووٹ دیکر کامیاب کرایا ہے انتہائی مضحکہ خیز قرار دیا ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صدیق الفاروق ایم کیوایم پر بھونڈی الزام تراشی کر کے دنیا کو جگ ہنسائی کا موقع فراہم کر رہے ہیں اور حقائق پر بات کرنے کے بجائے سیاسی قلابازیاں کھا کر اپنے آپ کو بچاتے رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کو جس طرح سے گلگت بلتستان میں عوامی پذیرائی ملی ہے اس سے نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئی ہیں اور ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور نظریئے کی کامیابی انہیں بالکل ہضم نہیں ہو رہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے مطابق ہی گلگت بلتستان کے انتخابات میں غریب ومتوسط طبقے کے لوگوں کو انتخابات میں نامزد کیا اور ان کے تمام اخراجات بھی ایم کیوایم نے ہی برداشت کئے اور ایم کیوایم کی سیاست میں انتخابی ٹکٹوں کی فروخت نہیں کی جاتی بلکہ انتخابی ٹکٹوں کو میرٹ پر اترنے والے افراد تک از خود پہنچایا جاتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ سیاسی مخاصمت میں ایم کیوایم پر گلگت بلتستان انتخابات میں بھی بھونڈے الزامات لگائے گئے اور ایم کیوایم کو ایسا ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی کہ وہ گلگت بلتستان میں نووارد ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس نے سب سے زیادہ گلگت بلتستان میں منظم انتخابی مہم چلائی ہے اور اس کی انتخابی مہم کے آگے کوئی بھی سیاسی جماعت نہیں ٹک سکی ہے اور ایم کیوایم کی پر جوش عوامی رابطہ اور انتخابی مہم کا ہی نتیجہ ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام نے ایم کیوایم کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور نظریئے کا زبردست خیر مقدم کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا اور انتخابات میں دھاندلی کے باوجود ایم کیوایم کی گلگت بلتستان انتخابات میں کامیابی نے جھوٹے الزامات کا بھانڈا پھوڑ دیا ہے ۔

ہدایت علی نے صدیق الفاروق اور مسلم لیگ ن کے دیگر رہنماؤں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کو پنجاب کے عوام کی بھی بھرپور حمایت حاصل ہے اور جو عناصر گلگت بلتستان میں ایم کیوایم کی کامیابی پر کیچڑ اچھال رہے ہیں وہ پنجاب میں ایم کیوایم کے فکروفلسفہ اور نظریئے سے خوفزدہ ہیں لیکن حق آنے اور باطل مٹ جانے کیلئے ہے اور گلگت بلتستان کی طرح پنجاب میں بھی نہ صرف حق پرستی کا سورج طلوع ہوگا اور پنجاب کے مظلوم عوام ایک دن ضرور ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوکر جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام سے چھٹکارا حاصل کرلیں گے۔

## گلگت بلتستان اسمبلی میں حق پرست امیدوار راجہ اعظم خان کی کامیابی پر ایم کیوایم آسٹریلیا کی مبارکباد

آسٹریلیا۔۔۔13، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ آسٹریلیا یونٹ کی جانب سے گلگت بلتستان کے الیکشن میں حق پرست امیدوار راجہ اعظم خان کی کامیابی پر قائد تحریک الطاف حسین، رابطہ کمیٹی کے ذمہ داران اور تمام حق پرستوں کو بہت بہت مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اس بات کا عادہ کرتے ہیں کہ قائد تحریک الطاف حسین کی کی قیادت میں ہی پاکستان کے مظلوم عوام جو کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام میں جکڑے ہوئے ہیں ان کی نجات صرف اور صرف قائد کی قیادت میں ہی ممکن ہے۔ آزاد کشمیر میں کامیابی کے بعد اب گلگت بلتستان کی کامیابی اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں کہ پاکستان کے ہر شہر میں حق پرست قائدے ایوانوں میں پہنچ کر غریب عوام تقدیر بدل دینگے۔

## نوابشاہ تعلقہ کی یونین کونسل 5 کے حق پرست کونسلر سید اسرار حسین شاہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نوابشاہ تعلقہ کی یونین کونسل 5 کے حق پرست کونسلر سید اسرار حسین شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## قمبر شہدادکوٹ زون، فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکنان کی والدہ محترمہ اور نوابشاہ تعلقی یوسی 5 کے حق پرست کونسلر سید اسرار حسین شاہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نوابشاہ تعلقہ کی یونین کونسل 5 کے حق پرست کونسلر سید اسرار حسین شاہ، ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ شہدادکوٹ کے کارکن محمد ملوک کی والدہ محترمہ اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 154 کے کارکن عمران الاسلام کی والدہ محترمہ مشتری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆